ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(40)

18-01-2023

## بہاولپور ()سی آئی اے پولیس کی موٹر سائیکل چور گینگ کے خلاف کارروائی،موٹر سائیکل چوری گینگ کے 02 ملزمان گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی 27 موٹر سائیکلیں برآمد، برآمدہ مال مسروقہ قانونی طریقہ کار سے مالکان کے حوالے کیا جارہا ہے اس حوالے سے ڈی ایس پی آرگنائزڈ کرائم جمشید اختر کی پریس کانفرنس، بہاولپور پولیس جرائم کی سرکوبی کے لیے دن رات کوشاں اورشہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچانے کے لیے چوری شدہ مال برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کررہی ہے،ڈی پی او عبادت نثار۔

تفصیلات کے مطابق بہاولپور پولیس معاشرتی امن کوخراب کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے،سی آئی اے پولیس نے موٹر سائیکل چوری کے مقدمات میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے گینگ میں شامل 02 ملزمان محمد اجمل اور عبدالخالق کوگرفتار کرلیا۔گرفتار ملزمان کی نشاندہی پر لاکھوں روپے مالیتی 27 موٹر سائیکلیں برآمد کر لی گئیں۔سمارٹ پولیسینگ اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان تک پہنچنے میں کامیابی ملی اور ملزمان کوگرفتار کیا گیا۔گرفتار ملزمان ضلع بہاولپور میں مختلف جگہوں سے موٹر سائیکل چوری کی وارداتیں کرتے تھے۔ان ملزمان کی فراہم کردہ معلومات کے تناظر میں سی آئی اے پولیس نے مختلف علاقوں سے 27 موٹر سائیکل برآمد کیئے ، یہ موٹر سائیکل سٹی بہاولپور کے مختلف علاقوں سے چوری کیئے گئے تھے۔ ان میں سے تھانہ کینٹ، تھانہ کوتوالی، تھانہ سول لائنز، تھانہ بغداد اور تھانہ صدر بہاولپور کے چوری شدہ موٹر سائیکل شامل ہیں۔قانونی طریقے کے بعد برآمدشدہ موٹر سائیکلوں کو اصل مالکان کے حوالے کیا جائے گا۔ڈی ایس پی آرگنائزڈ کرائم جمشید اختر نے پریس کانفرنس کے دوران کہا کہ آج ہمیں خوشی ہے کہ ہم چوری شدہ موٹر سائیکلوں کی بڑی تعداد ان کے اصل مالکان کے حوالے کر رہے ہیں۔ایسے جرائم پیشہ عناصر کو قانون کے مطابق سزا دلوانا پولیس کا اولین فرض اور اولین ترجیحات میں شامل ہے، ڈی پی او نے ڈی ایس پی آرگنائزڈ کرائم جمشید اختر کی زیرنگرانی اانچارج سی آئی اے اور پوری ٹیم کو کامیاب کارروائی کرنے پر شاباش دی۔ بہاول پور پولیس جرائم کی سرکوبی کے لیے دن رات کوشاں ہے اور شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف پہنچانے کے لیے چوری شدہ مال برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کردیا جائے گا۔اوراس میں مزید تیزی لائی جارہی ہے تا کہ بہاولپور کا امن برقرار رکھا جاسکے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپورسی آئی اے پولیس کی موٹر سائیکل چور گینگ کے خلاف قابل تحسین کاروائی،موٹر سائیکل چوری کی مختلف وارداتوں میں ملوث ملزمان گرفتار کرلیا۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(41)

18-01-2023

**بہاول پور()انسپکٹر جنرل پنجاب پولیس اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی ہدایت پرڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی زیرنگرانی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مہم میں بہاولپور پولیس کی گزشتہ 02 روز میں منشیات فروشوں کے خلاف مختلف کارروائیاں،23ملزمان گرفتار، قبضہ سے 520 گرام چرس اور 110 لیٹر دیسی شراب برآمد، انتہائی تیز رفتاری اور جوا کے ملزمان کو گرفتار کرلیا،مقدمات درج،دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں،تاکہ معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جاسکے۔ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی جاری کردہ مہم پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی سربراہی میں اور تمام ایس ڈی پی اوز کی زیرنگرانی تمام ایس ایچ اوز نے ضلع بہاولپور میں منشیات اور شراب فروشوں کے خلاف مہم جاری۔ بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔تھانہ سٹی حاصلپور پولیس نے منشیات فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 01 ملزم کو گرفتار کرکے قبضہ سے 520 گرام چرس برآمد کرلی۔تھانہ صدر بہال پور اور صدر حاصلپور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 02 عدد ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 110 لیٹر دیسی شراب برآمد کرلی۔تھانہ ڈیرہ نواب صاحب اور سٹی حاصلپور پولیس نے انتہائی تیز رفتاری اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرتے ہوئے 02 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔تھانہ چنی گوٹھ اور کوتوالی پولیس نے جوا کھیلنے والے 13 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے داؤ پر لگی رقم برامد کرلی۔اسی طرح تھانہ سٹی احمد پور اور چنی گوٹھ پولیس نے پنجاب ساؤنڈ ایکٹ کے 05 ملزمان کو گرفتار کیا۔متعلقہ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے،ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید بڑی کارروائیاں کریں تاکہ بہاول پور منشیات جیسی لعنت سے پاک کیا جاسکے۔کسی مشکوک سرگرمی کی صورت میں پولیس ہیلپ لائن 15 پر کال کرکے اطلاع دیں اور ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مہم میں بہاولپور پولیس کی گزشتہ 02 روز میں منشیات فروشوں کے خلاف مختلف کارروائیاں،23ملزمان گرفتار